جنرل ہسپتال میں ماحول کو خوشگوار بنانے کیلئے مختلف شعبوں میں شجرکاری مہم کا آغاز

ادارے میں 1200 پودے لگانے کا ہدف پورا کریں گے، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج کی گفتگو

سرسبز پاکستان اور ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ہم سب کا عزم ہونا چاہیے: پروفیسر محمد طیب

شہری اپنی سالگرہ کی طرح درختوں کو بھی یاد رکھیں، انہیں پروان چڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں

ادارے کا ہر فرد اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا: ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین

لاہور 08 اگست:..... صوبے بھر کی طرح لاہور جنرل ہسپتال میں بھی شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے اور ماحول کو خوشگوار بنانے کیلئے مختلف بلاکس میں پودے لگائے گئے ہیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر محمد طیب کا کہنا تھا کہ اس ادارے میں 1200 پودے لگانے کا ہدف حاصل کر لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرسبز پاکستان اور ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ہم سب کا عزم ہونا چاہیے۔ نوجوان نسل اور ہر شہری کو پودوں کی اہمیت سے آگاہی ضروری ہے اور اس سلسلے میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ پرنسپل ایل جی ایچ نے کہا کہ اپنی سالگرہ کی طرح ہمیں درختوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے اور شجرکاری کرنے کے بعد اُن کی مناسب حفاظت کا بھی بندوبست یقینی بنانا چاہیے، پروفیسر محمد طیب نے کہا کہ دیگر ملکوں کے مقابلے میں پاکستان جنگلات کے شعبے میں بہت پیچھے ہے اور حکومت کے علاوہ شہریوں کا بھی فرض ہے کہ وہ درخت اُگانے اور انہیں پروان چڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ ملک کو سرسبز و شاداب بنایا جا سکے۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے یقین دلایا کہ شجرکاری کے بارے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برتی جائے گی اور ادارے کا ہر فرد اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف نے بھی پودے لگائے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ان کی حفاظت کیلئے مناسب اقدامات کریں گے۔